© rasailojaraid.com

ہے۔ پاکستان مسیحی برادری کے اتنے افراد متحدہ عرب امارات میں کام کر رہے ہیں کہ وہ اپنی شناخت کے حوالے سے مذہبی سرگرمیوں میں مصروف ہیں۔ ستمبر 1991ء میں بشپ آف رائے وند (بشپ سموئیل عزرایاہ) نے دوبئی، ابوظہبی اور شارجہ کا دورہ کیا اور مسیحی کنونشنوں سے خطاب کیا۔ ابوظہبی، دوبئی اور شارجہ کی "تینوں کلیسیاوں نے تقدس ماب بشپ سموئیل رابرٹ عزرایاہ کے پیغامات کو نہایت پسند کیا۔" شاداب (لاہور) کی اطلاع کے مطابق ان کے "روحانی پیغامات سے نہ صرف چرچ آف پاکستان کی کلیسیاوں بلکہ پنتی کوسٹل اور کاتھولک کلیسیاوں کے اراکین نے بھی یکساں فیض حاصل کیا۔" (پندرہ روزہ شاداب، لاہور۔ 31 اکتوبر 1991ء)

## مدر ٹریسہ کا دورۂ پاکستان

کلکتہ کی غریب بستیوں میں سماجی کام کرنے کی شہرت رکھنے والی اور نوبل انعام یافتہ مدر ٹریسہ نے ستمبر 1991ء میں پاکستان کا دورہ کیا۔ وہ لاہور، اسلام آباد اور کراچی میں رہیں۔ لاہور میں وہ سینٹ میری سکول اور سینٹ میری سیمنری تشریف لے گئیں۔ انھوں نے بچوں کے لیے ایک ادارے کا افتتاح کیا۔



© rasailojaraid.com